حجاج کرام کی واپسی شروع، پہلی فلائٹ دہلی پہنچی

سعودی ایرلائنز کی پرواز سے پہنچے 378 عازمین کا ایئرپورٹ شاندار استقبال

اظہار الحسن

نئی دہلی (ایس این بی) سعودی عرب کے مقدس شہر مکہ مکرمہ میں دنیا بھر کے لاکھوں مسلمانوں کے ذریعہ حج 2024 کی ادائیگی اور حج کے مکمل ہونے کے بعد آج سعودی ایرلائنز کی پہلی پرواز سے 378 حاجیوں کے دہلی پہنچنے کے ساتھ ہی

◀ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کے انتظامی بندوبست میں دہلی امبارکیشن پوائنٹ سے روانہ ہونے والے حاجیوں کی تعداد 16443 ہے

◀ دہلی کے 3065 حاجیوں کے علاوہ مغربی اُترپردیش کے 9567، ہریانہ کے 1345، اتراکھنڈ کے 1038، پنجاب کے 251 اور چندی گڑھ کے 36 حجاج کرام شامل ہیں

حاجیوں کی اپنے وطن میں واپسی شروع ہوگئی ہے۔

آج شام 5 بجے سعودی ایرلائنز کی پرواز سے دہلی کے اندرا گاندھی ہوائی اڈے پر اترنے والے حاجیوں کا شاندار استقبال دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں حاجیوں کا استقبال کرتے ہوئے ..... (تصویر: ایس این بی)

کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں نے پھولوں کا ہار پہنا کر کیا۔ انھوں نے سبھی حجاج کرام کو حج کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے وطن واپسی پر خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر دہلی حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر اشفاق احمد عارفی، ڈپٹی ایگزیکٹو آفیسر محسن علی و دیگر افسران اور اسٹاف بھی موجود تھے۔

قابل ذکر ہے کہ اس سال پوری دنیا سے تقریباً 19 لاکھ مسلمانوں نے مقدس حج کے فرائض ادا کیے ہیں۔ ہندوستان سے حج کمیٹی کے توسط سے حج پر جانے والے لوگوں کی مجموعی تعداد 139964 ہے۔ دہلی اسٹیٹ حج کمیٹی کے انتظامی بندوبست میں دہلی امبارکیشن پوائنٹ سے روانہ ہونے والے حاجیوں کی تعداد 16443 ہے ان میں دہلی کے 3065 حاجیوں کے علاوہ مغربی اُترپردیش کے 9567، ہریانہ کے 1345، اتراکھنڈ کے 1038، پنجاب کے 251 اور چندی گڑھ کے 36 حجاج کرام شامل ہیں، جبکہ اپنی پسند سے دہلی امبارکیشن پوائنٹ کا انتخاب کرنے والے حاجیوں میں بہار کے 393، جموں کشمیر کے 498، گوا کے 3، مدھیہ پردیش کے 21، مہاراشٹرا کے 2، راجستھان کے 216 اور اُڑیسہ کا 1 حاجی بھی شامل ہیں۔ اس سال دہلی امبارکیشن پوائنٹ سے روانہ ہونے والے حاجیوں میں مرد 8652، خواتین 7791، بچے 36 اور 11 شیرخوار بچوں کے علاوہ بنا محرم کے حج کرنے والی خواتین کی تعداد 53 ہے۔ کل 46 پروازوں پر مشتمل حاجیوں کے آنے کا آج سے شروع ہونے والا سلسلہ آئندہ 9 جولائی 2024 تک جاری رہے گا۔

دن بھر چھائے رہے بادل، شام کو ہلکی بارش

درجۂ حرارت میں کمی کے سبب گرمی سے معمولی راحت، موسم خوشگوار

فصیح احمد صدیقی

نئی دہلی (ایس این بی) جمعہ کو ہونے والی بارش کا اثر ہفتہ کو نظر آیا۔ آج دہلی کے کسی بھی علاقہ میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 40 ڈگری سیلسیس سے اوپر نہیں پہنچا۔ آج کم سے کم درجۂ حرارت بھی 30 ڈگری سیلسیس سے نیچے ریکارڈ کیا گیا۔ ادھر محکمۂ موسمیات نے اتوار اور پیر کو بھی ہلکی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس دوران

◆ درجۂ حرارت 40 ڈگری سیلسیس، اتوار اور پیر کو بھی ہلکی بارش کا امکان

دہلی کا زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 41-40 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہے گا۔ آسمان بھی ابر آلود رہے گا۔ ہفتہ کو پورا دن آسمان ابر آلود رہا اور شام کو ہلکی بارش بھی ہوئی، جس کی وجہ سے یہاں کے لوگوں کو اُمس چپ کی شدید گرمی سے کافی حد تک راحت ملی اور انہوں نے راحت کی سانس لی۔ آج دہلی کا زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 39.4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا جبکہ کم سے کم درجۂ حرارت 28.6 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ دونوں کا درجۂ حرارت معمول سے ایک ڈگری سیلسیس کم تھا۔ محکمۂ موسمیات نے اپنی پیشن گوئی میں اتوار کو یہاں درجۂ حرارت 30 اور 40 ڈگری سیلسیس رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس دوران دہلی کے کچھ علاقوں میں ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ دہلی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران آج صبح 8:30 بجے تک اوسط بارش 3.6 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔ آج تھکمہ نے دن کے وقت صرف لودھی روڈ علاقے میں ہلکی بوندا بندی کی اطلاع دی ہے، وہیں شرقی دہلی کے کچھ علاقوں میں بھی ہلکی بوندا بندی کی خبر ہے۔

محکمۂ موسمیات کے مطابق نجف گڑھ، پیتم پورہ اور مہترپور علاقہ سب سے زیادہ گرم رہے۔ یہاں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت 39.9